بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ ✦ عَسٰی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

رجسٹرڈ نمبر ایل ۵۲۵۴

روزنامہ
# الفضل
ربوہ

ایڈیٹر
مسعود احمد دہلوی

فون ۴۴۹

جلد ۷۳/۳۸ / ہفتہ ۲۰ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ ۲۸ شہادت ۱۳۶۳ ہش ۲۸ اپریل ۱۹۸۴ء / نمبر ۹۸

## اخبارِ احمدیہ

ربوہ: ۲۶ شہادت / اپریل۔ حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت کے بارے میں آج صبح کی اطلاع مظہر ہے کہ

"عام طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے بہتر ہے تاہم کمزوری بہت ہے۔"

احباب کرام خصوصی توجہ اور التزام کے ساتھ دعائیں کرتے رہیں کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے حضرت سیدہ موصوفہ کو صحت کامل عطا کرے اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر سلامت رکھے۔ آمین۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# یونسکو کے زیر اہتمام پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام کا دورہ کینیا

## • سائنس پر دو لیکچر • نیشنل کونسل فار سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کیطرف سے عصرانہ

مکرم جمیل الرحمان صاحب رفیق انچارج مشنری و امیر کینیا اطلاع دیتے ہیں کہ ۱۵ مارچ کو نوبل پرائز یافتہ پروفیسر ڈاکٹر عبدالسلام صاحب پانچ روزہ دورہ پر کینیا تشریف لائے۔ نیروبی ائیرپورٹ پر نیروبی یونیورسٹی کے وائس چانسلر۔ یونیورسٹی کے پروفیسرز اور خاکسار ڈاکٹر صاحب کے استقبال کیلئے موجود تھے۔

محترم ڈاکٹر صاحب نے اس روز TRENDS IN PARTICLE PHYSICS AND K.K THEORIES کے عنوان پر لیکچر دیا

جمعہ کو بعد نماز عصر محترم ڈاکٹر صاحب نے پبلک لیکچر دیا موضوع تھا "کائنات کی بنیادی قوتوں کا اتحاد اور ترقی پذیر ممالک میں سائنس اور ٹیکنالوجی کی ترقی"

متعدد اداروں اور احباب کی جانب سے آپکے اعزاز میں دعوتِ طعام کا انتظام کیا گیا۔ ۱۶ مارچ کو امیر صاحب کی درخواست پر نماز جمعہ محترم پروفیسر صاحب نے پڑھائی اور خطبہ جمعہ دیا۔ جمعہ کے بعد آپکے اعزاز میں جماعت کے ایک دوست نے دعوتِ طعام کا اہتمام کیا۔ جسمیں محترم ڈاکٹر صاحب نے شرکت فرمائی۔

کینیا کے دورہ کے بعد محترم ڈاکٹر صاحب تنزانیہ کیلئے روانہ ہوگئے۔

احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ سفر و حضر میں ڈاکٹر صاحب کا حامی و ناصر ہو اور آپکو بنی نوع انسان کی اعلیٰ مقبول خدمت کی توفیق عطا فرماوے۔ آمین۔ (وکالت تبشیر)

# امیر و مشنری انچارج امریکہ کا کامیاب دورہ

## بیوت الحمد کے وعدوں میں اضافہ، متعدد مجالسِ مذاکرہ

امریکہ سے مرکزی مبلغ مرزا محمد افضل صاحب اطلاع دیتے ہیں کہ مکرم شیخ مبارک احمد صاحب نے جماعت نیو آرلینز کی خواہش پر ایک ہفتہ تک اس جماعت کا دورہ کیا اس دورہ میں متعدد احباب نے اپنے گھروں پر مجالس مذاکرہ منعقد کیں۔ جس میں غیر از جماعت احباب نے بڑے ذوق و شوق سے حصہ لیا۔ کافی رات گئے تک یہ مجالس جاری رہتیں۔

مکرم شیخ رشید احمد صاحب صدر جماعت نیو آرلینز۔ محترم ڈاکٹر سفیر احمد صاحب محترم شیخ طاہر احمد صاحب۔ ڈاکٹر سعید احمد صاحب کے گھروں پر یہ مجالس منعقد ہوئیں۔

محترم شیخ مبارک احمد صاحب نے احباب کے سوالات کے جواب دیئے۔ جس پر غیر از جماعت احباب نے بھی محترم شیخ صاحب کے جوابات کو سراہا اور کہا کہ آپ کا انداز بہت منطقی، تسلی بخش اور معقول تھا۔

تربیتی طور پر بھی یہ دورہ احباب جماعت کیلئے بہت مفید ثابت ہوا۔

بیوت الحمد میں احباب نے اپنے وعدوں میں مزید اضافہ کیا۔ ڈاکٹر سفیر احمد صاحب نے پانچ ہزار ڈالر کا اضافہ کیا شیخ سعید احمد صاحب نے ۵ ہزار ڈالر کا رشید احمد صاحب اور شیخ طاہر احمد صاحب نے ایک ایک ہزار ڈالر کا اضافہ کیا۔

اسطرح امریکہ میں پانچ نئے مشن ہاؤسز سکیم میں بھی احباب نے اپنے وعدہ جات میں اضافہ کیا۔ فالحمد للہ علیٰ ذالک (وکالت تبشیر)

# کیامبوگو (یوگنڈا) میں مجلس مذاکرہ کا انعقاد

کیامبوگو نیشنل ٹیچرز کالج کے زیر اہتمام ایک سیمینار منعقد کیا گیا جس میں مختلف مذاہب کے نمائندگان نے "ہستی باری تعالیٰ کے تصور" پر اپنے اپنے مذہب کی تعلیم پیش کی۔ اس موقعہ پر ہمارے نمائندہ مسٹر سلیمان سنیانا نے دین حق میں ہستی باری تعالیٰ کے تصور پر تقریر کی

KAMWOKYA کے مقام پر پانچ افراد پر مشتمل ہمارا وفد گیا۔ سامعین نے احمدیت کے بارے میں بڑی دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقعہ پر انہوں نے ۱۶۵۰ شلنگ کی کتب خرید کیں۔

NAKAWA کے مقام پر احمدیت کا پیغام پہنچایا۔ یہاں احباب نے ۲۵۰۰ شلنگ کا لٹریچر خرید کیا۔

NAMIRUMLA کے مقام پر عیسائیوں سے دلچسپ مکالمہ ہوا۔ مسٹر ٹیفی مرزو نے احمدیت کے موضوع پر تقریر کی۔ (وکالت تبشیر)

---

• خاکسار کی بیگم کا اپنڈکس کا اپریشن ۲۲ اپریل کو ۱۱-۸۰ C.M.H راولپنڈی میں ہوا ہے۔ احباب سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ موصوفہ کو صحت کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے۔ میری صحت خدا کے فضل سے ٹھیک ہے۔ البتہ کمزوری ابھی باقی ہے۔ دوستوں سے دعا کی درخواست ہے۔ اللہ تعالیٰ مکمل صحت بخشے آمین

(ظفر اللہ خان امیر جماعت احمدیہ گوجرانوالہ)

• مکرمی جناب بابو قاسم الدین صاحب سابق امیر جماعت ہائے احمدیہ ضلع سیالکوٹ کی ہمشیرہ مکرم عزیزم مبارک احمد صاحب سیالکوٹ شدید بیمار ہیں۔ احباب دعا کریں کہ مولا کریم بغیر اپریشن صحت کاملہ عاجلہ عطا فرمائے آمین۔

(نائب ناظر اصلاح وارشاد)

• مکرم محمد اکرم خان صاحب کارکن زنخارت بہشتی مقبرہ کو کچھ عرصہ سے سر کے بائیں طرف کے حصہ۔ چہرہ اور گردن دبا رہا ہے۔ اور اسی طرف سے سینہ اور اس کے پچھلے حصہ میں سن ہونے کی تکلیف ہے۔ علاج کے لئے فضل عمر ہسپتال میں داخل ہیں۔

احباب جماعت کی خدمت میں ان کے لئے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل سے ان کو جلد صحت کاملہ عطا فرماوے اور کام کرنے والی عمر دراز سے نوازے۔ آمین۔

(محمد بشیر شاد سیکرٹری مجلس کارپرداز)

• میرا بیٹا عزیزم قاضی مبارک احمد شدید بیمار ہے۔ معدہ کے قریب کسی شریان سے خون بہتا ہے۔ اب اسے علاج کے لئے میو ہسپتال لاہور داخل کرایا گیا ہے۔

احباب سے خاص طور پر دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے عزیزم کو شفاء کامل و عاجل عطا فرمائے۔ آمین!

(قاضی عزیز احمد۔ دارالنصر شرقی)

★ ——— ★

ادائیگی زکوٰۃ اموال کو بڑھاتی ہے۔

پبلشر مسعود احمد۔ پرنٹر سید عبدالحی۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس ربوہ مقام اشاعت دفتر روزنامہ الفضل دارالرحمت غربی ربوہ قیمت: ۵۵ پیسے

Digitized by Khilafat Library Rabwah

روزنامہ الفضل ربوہ

۲۵ رجب المرجب ۱۴۰۴ھ

۲۸ شہادت ۱۳۶۳ ہش

# مامورینِ الٰہی کا ایک اہم اور عظیم الشان معجزہ

ایک نہایت ہی اہم اور عظیم الشان معجزہ جو مامورین الٰہی، اولیاء اللہ اور دیگر اہل اللہ کو علیٰ قدر مراتب منجانب اللہ عطا کیا جاتا ہے وہ استجابت دعا کا ہی معجزہ ہوتا ہے۔ اگر یہ معجزہ انہیں عطا نہ کیا جائے تو اصلاح خلق کے ضمن میں جو اہم اور عظیم کام ان کے سپرد کیا جاتا ہے اسے انجام دینے میں وہ کامیاب نہ ہوں۔ وہ اپنے مفوضہ کام کی انجام دہی کے سلسلہ میں اپنی عاجزانہ اور متضرعانہ دعاؤں کے ذریعہ جو کچھ خدا سے مانگتے ہیں خدا تعالیٰ ان کی دعاؤں کو قبول فرما کر وہ انہیں عطا کر دیتا ہے اور اپنی قدرت کاملہ سے ان کے مفوضہ کام کی انجام دہی کے اسباب پیدا کر کے بظاہر ناممکن کو ممکن میں تبدیل کر دکھاتا ہے۔

جتنے مامورین الٰہی دنیا میں مبعوث ہوئے اور ان کے ذریعہ بالآخر ایک عظیم انقلاب رونما ہوا وہ دعاؤں کی قبولیت کے نتیجہ میں ہی رونما ہوا۔ اگر استجابت دعا کا معجزہ انہیں عطا نہ کیا جاتا تو ان کے لئے لوگوں کی زندگیوں میں انقلاب عظیم رونما کرنا کبھی ممکن نہ ہوتا چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورہ ابراہیم میں مختلف زمانوں میں اپنے مبعوث کردہ رسولوں کا مجملی طور پر ذکر کر کے بتایا ہے کہ بلا استثناء سارے ہی رسول انتہائی نامساعد حالات کے باوجود بالآخر اپنی متضرعانہ دعاؤں کے نتیجہ میں ہی حق کو پھیلانے اور غالب کرنے میں کامیاب ہوئے۔ اللہ تعالیٰ ازمنۂ گزشتہ میں مختلف قوموں کی طرف مبعوث ہونے والے رسولوں اور ان کو پیش آنے والے واقعات کا ذکر کرتے ہوئے فرماتا ہے:۔

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ فَرَدُّوْٓا اَيْدِيَهُمْ فِيْٓ اَفْوَاهِهِمْ وَقَالُوْٓا اِنَّا كَفَرْنَا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ وَاِنَّا لَفِيْ شَكٍّ مِّمَّا تَدْعُوْنَنَآ اِلَيْهِ مُرِيْبٍ ۝

(ابراہیم آیت ۱۰)

ترجمہ:۔ (جب) ان کے پاس ان کے رسول (ہمارے) روشن نشان لے کر آئے تو انہوں نے ان کی بات نہ مانی اور کہا کہ جس (تعلیم) کے ساتھ تمہیں بھیجا گیا ہے اس کا تو ہم انکار کر چکے ہیں اور جس بات کی طرف تم ہمیں بلاتے ہو اس کے متعلق ہم ایک بے چین کر دینے والے شک میں پڑے ہوئے ہیں۔

اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے تفصیل سے بتایا ہے کہ رسولوں کے ہزار سمجھانے اور دلائل کے ذریعہ قائل کرنے کے باوجود ان کی قوموں نے ان کی دعوت کو رد کر دیا اور طرح طرح کی تکلیفیں دے کر انہیں خاموش کرانا چاہا اور اس پر بھی جب وہ اشاعت حق سے باز نہ آئے تو ان کی قوموں کے ظالم لوگوں نے رسولوں سے کہا ہم ضرور تمہیں اپنے علاقہ سے نکال دینگے یا تم مجبور ہو کر ہمارے مذہب میں واپس آجاؤ گے۔ اس پر رسولوں نے اللہ تعالیٰ سے اور زیادہ توجہ سے دعائیں مانگنی شروع کیں۔ وہ التزام سے دعائیں مانگتے رہے یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ نے ان کی دعاؤں کو قبول فرما کر حق کے دشمنوں کو ناکام اور رسولوں کو غلبۂ حق کے مقصد میں کامیاب کر دکھایا۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:۔

وَاسْتَفْتَحُوْا وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيْدٍ ۝

(ابراہیم آیت ۱۶)

ترجمہ:۔ اور انہوں نے (یعنی رسولوں نے) اپنی فتح کے لئے دعا کی اور (نتیجہ یہ ہوا کہ) ہر ایک سرکش اور حق کا دشمن (اپنے منصوبہ میں) ناکام رہا۔

حقیقت یہ ہے کہ جتنے بھی مامور دنیا میں مبعوث ہوئے وہ دعاؤں کی قبولیت کے نتیجہ میں ہی اپنی بعثت کی غرض کو پورا کرنے میں کامیاب ہوئے استجابت دعا ہی وہ معجزہ تھا جو ہر مامور من اللہ کے زمانہ میں ظاہر ہوا اور یہ معجزہ ہی حق کو غالب کرنے کا موجب بنا۔ سیدنا حضرت بانی سلسلہ احمدیہ دعا کے اس معجزہ کی اہمیت واضح کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

"جس وقت بندہ کسی سخت مشکل میں مبتلا ہو کر خدا تعالیٰ کی طرف کامل یقین اور کامل امید اور کامل محبت اور کامل فرمانبرداری اور کامل ہمت کے ساتھ جھکتا ہے اور نہایت درجہ کا بیدار ہو کر غفلت کے پردوں کو چیرتا ہوا فنا کے میدانوں میں آگے سے آگے نکل جاتا ہے پھر آگے کیا دیکھتا ہے کہ بارگاہ الوہیت ہے اور اس کے ساتھ کوئی شریک نہیں۔ تب اس کی روح اس آستانہ پر سر رکھ دیتی ہے اور قوت جذب جو اس کے اندر رکھی گئی ہے وہ خدا تعالیٰ کی عنایات کو اپنی طرف کھینچتی ہے۔ تب اللہ جل شانہ اس کام کے پورا کرنے کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور اس دعا کا اثر ان تمام مبادی اسباب پر ڈالتا ہے جن سے ایسے اسباب پیدا ہوتے ہیں جو اس مطلب کے حاصل ہونے کے لئے ضروری ہیں ..... اسی وجہ سے یہ بات ارباب کشف اور کمال کے نزدیک بڑے بڑے تجارب سے ثابت ہو چکی ہے کہ کامل کی دعا میں ایک قوت تکوین پیدا ہو جاتی ہے یعنی باذنہ تعالیٰ وہ دعا عالم سفلی اور علوی میں تصرف کرتی ہے اور عناصر و اجرام فلکی اور انسانوں کے دلوں کو اس طرف لے آتی ہے جو طرف مؤید مطلوب ہے۔ خدا تعالیٰ کی پاک کتابوں میں اس کی نظیریں کچھ کم نہیں ہیں بلکہ اعجاز کی بعض اقسام کی حقیقت بھی دراصل استجابت دعا ہی ہے اور جس قدر ہزاروں معجزات انبیاء سے ظہور میں آئے یا جو کچھ کہ اولیائے کرام ان دنوں تک عجائب کرامات دکھلاتے رہے اس کا اصل اور منبع یہی دعا ہے اور اکثر دعاؤں کے اثر سے ہی طرح طرح کے خوارق قدرت قادر کا تماشہ دکھلا رہے ہیں۔

وہ جو عرب کے بیابانی ملک میں ایک عجیب ماجرا گزرا کہ لاکھوں مردے تھوڑے دنوں میں زندہ ہو گئے اور پشتوں کے بگڑے ہوئے الٰہی رنگ پکڑ گئے اور آنکھوں کے اندھے بینا ہوئے اور گونگوں کی زبان پر الٰہی معارف جاری ہوئے اور دنیا میں ایک دفعہ ایک ایسا انقلاب پیدا ہوا کہ نہ پہلے اس سے کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا، کچھ جانتے ہو کہ وہ کیا تھا؟ وہ ایک فانی فی اللہ کی اندھیری راتوں کی دعائیں ہی تھیں جنہوں نے دنیا میں شور مچا دیا اور وہ عجائب باتیں دکھلائیں کہ جو اس امی بے کس سے محالات کی طرح نظر آتی تھیں۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ بِعَدَدِ هَمِّهٖ وَغَمِّهٖ وَحُزْنِهٖ لِهٰذِهِ الْاُمَّةِ وَاَنْزِلْ عَلَيْهِ اَنْوَارَ رَحْمَتِكَ اِلَى الْاَبَدِ" (برکات الدعا صفحہ ۸۰)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# وصایا

ضروری نوٹ:-
مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جا رہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی وصیت کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو دفتر بہشتی مقبرہ کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

## مسل ۲۵۵۲۳

میں اسماعیل مالاگالا ولد مکرم اے پٹینیو آف یوگنڈا قوم یوگنڈانی پیشہ تعلیم عمر ۲۶ سال بیعت ۱۹۷۸ء ساکن جامعہ احمدیہ ربوہ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۶-۱۱-۸۳ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ فی الحال کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے مبلغ پچاس روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا۔ اور میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

المعبر۔ اسماعیل مالاگالا ولد اے پٹینیو آف یوگنڈا ناصر ہوسٹل جامعہ احمدیہ ربوہ

گواہ شد نمبر ۱ چوہدری خلیل احمد وصیت نمبر ۲۴۷۶۹ ناصر ہوسٹل

گواہ شد نمبر ۲ فہیم احمد شاہد وصیت ۲۴۷۵۶

## مسل ۲۵۵۲۴

میں ارشد اقبال ولد نصیر الدین بھٹی قوم راجپوت پیشہ ملازمت عمر ۳۱ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن تربیلا ڈیم ضلع ایبٹ آباد بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۱۸-۱۱-۸۳ میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ فی الحال کوئی نہیں ہے اس وقت مجھے ایک ہزار روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا اور میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

المعبر۔ ارشد اقبال کوارٹر ۳۹ رائٹ بنک کالونی تربیلا۔

گواہ شد۔ وسیع الدین احمد صاحب سیکرٹری مال تربیلا ڈیم

گواہ شد نمبر ۲۔ حافظ مبارک علی ولد احمد علی صاحب مرحوم سابق معلم اصلاح و ارشاد تربیلا ڈیم

## مسل ۲۵۵۲۵

میں زاہدہ بیگم بنت رشید احمد صاحب سنوری قوم شامی آرائیں پیشہ خانہ داری عمر ۲۹ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن علی پور ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۲-۲-۸۴ میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی ہے

۱/ طلائی انگوٹھی وزنی ۳ ماشہ مالیتی -/۶۰ روپے نقد بانڈز -/۲۰۰ روپے کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ فی الحال کوئی نہیں اس وقت مجھے مبلغ ایک ہزار روپے ماہوار بصورت ملازمت مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتا ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتا رہوں گا اور میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

المعبر۔ ارشد اقبال کوارٹر ۳۹ رائٹ بنک کالونی تربیلا۔

گواہ شد۔ وسیع الدین احمد صاحب سیکرٹری مال تربیلا ڈیم

گواہ شد نمبر ۲۔ حافظ مبارک علی ولد احمد علی صاحب مرحوم سابق معلم اصلاح و ارشاد تربیلا ڈیم

## مسل ۲۵۵۲۶

میں زاہدہ بیگم بنت رشید احمد صاحب سنوری قوم شامی آرائیں پیشہ خانہ داری عمر ۲۹ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن علی پور ضلع مظفر گڑھ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۲۲-۲-۸۴ میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی ہے

۱/ سیٹ طلائی ہار اور کانٹے وزنی ۶ ۱/۲ تولہ مالیتی تیرہ ہزار روپے

جھمکے طلائی وزنی ۷ ماشہ مالیتی -/۱۵۰ روپے چوڑیاں ۲ عدد وزنی ۲ تولہ مالیتی چار ہزار روپے بالیاں ۲ عدد وزنی ۶ ماشہ مالیتی ایک ہزار روپے گلے کی چین ۵ ماشہ مالیتی -/۸۰۰ روپے ٹاپس ۵ ماشہ مالیتی -/۸۰۰ روپے

۲/ حق مہر وصول شدہ -/۵۰۰۰ روپے اس وقت مجھے مبلغ -/۲۰۰ دو صد روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتی رہونگی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہونگی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہونگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

الامۃ۔ زاہدہ بیگم بنت رشید احمد صاحب سنوری بمقام علی پور ضلع مظفر گڑھ معرفت طارق جنرل سٹور چوک حسین آگاہی علی پور

گواہ شد نمبر ۱ نثار احمد خان مربی سلسلہ وصیت ۱۹۹۵۹

گواہ شد نمبر ۲ عبد العزیز صاحب امیر جماعت احمدیہ علی پور ضلع مظفر گڑھ

## مسل ۲۵۵۲۷

میں صدیقہ بیگم بیوہ قریشی محمود احمد صاحب قوم قریشی پیشہ خانہ داری عمر ۵۳ سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ۵۹۴ فاروق کالونی والٹن لاہور بقائمی ہوش و حواس بلا جبر و اکراہ آج بتاریخ ۱۷-۳-۸۳ میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے ۱/۱۰ حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔

۱/ ۱/۸ حصہ مکان برقبہ ۱۰ مرلہ ۵۹۴ فاروق کالونی والٹن لاہور کا ۱/۸ حصہ مالیتی -/۵۰۰ روپے

۲/ ۱/۸ حصہ زمین ۲ کنال واقع دارالصدر شمالی ربوہ کا ۱/۸ حصہ مالیتی -/۲۰۰۰ روپے

اس وقت مجھے مبلغ یکصد روپے ماہوار بصورت امداد مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی ۱/۱۰ حصہ داخل خزانہ صدر انجمن احمدیہ کرتی رہونگی اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہونگی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میں اقرار کرتی ہوں کہ اپنی جائیداد کی آمد پر اگر کوئی ہوئی حصہ آمد بشرح چندہ عام تازیست حسب قواعد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کو ادا کرتی رہونگی میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جائے

الامۃ۔ صدیقہ بیگم بیوہ قریشی محمود احمد ۵۹۴ فاروق کالونی والٹن لاہور

گواہ شد۔ نمبر ۱ شیخ مبارک احمد صاحب مکان ۷/۱۵ بی دارالرحمت وسطی ربوہ

گواہ شد نمبر ۲ عبد الکریم ۱۰۷/۶ مدینہ کالونی والٹن لاہور۔

خط و کتابت کرتے وقت چٹ نمبر کا حوالہ ضرور دیں

Digitized by Khilafat Library Rabwah

# مشن ہاؤس نورے (ناروے) میں وفد کی آمد

مکرم مقصود احمد صاحب ورک سیکرٹری صد سالہ جوبلی جماعت ناروے اطلاع دیتے ہیں کہ آٹھ دسمبر کو مکرم مبارک احمد صاحب ناظم اعلیٰ مجلس انصار اللہ ناروے (جو پیشہ کے لحاظ سے استاد ہیں۔ ناروے کے بچوں کو اردو کی تعلیم دیتے ہیں) اپنی کلاس کو جو اساتذہ، مصنفین اور یونیورسٹی کے لیکچرارز پر مشتمل تھی مشن ہاؤس لے کر آئے۔ مشنری انچارج مکرم کمال یوسف صاحب نے وفد کو احمدیت سے متعارف کرایا۔ مسیح کی آمد ثانی کے بارہ میں وضاحت کی۔

مکرم نور احمد صاحب بولستاد جو ناروے کے باشندہ اور جماعت کے نائب امیر ہیں۔ نے سلائیڈز دکھائیں۔ آپ نے سپین کی تاریخ۔ مسلمانوں کی آمد۔ ان کے عدل و انصاف کے کارنامے۔ پھر اسلام کے زوال۔ دوبارہ سپین میں پہلے مبلغ کی آمد اور مشن ہاؤس سپین کے افتتاح کی تصاویر دکھائیں۔

وفد بولستاد صاحب کی وسیع دینی معلومات پر بہت حیران ہوا اور ان سے قبول احمدیت کی دلچسپ روئیداد سنی۔

رخصت ہوتے وقت وفد کے ارکان کو احمدیت کے بارہ میں لٹریچر دیا۔

احباب دعا کریں اللہ تعالیٰ جلد ناروے کو احمدیت کے نور سے منور فرماوے۔ آمین یارب العالمین۔

(وکالت تبشیر ربوہ)

---

الفضل کی اشاعت پندرہ بیس ہزار تک پہنچ گئی!!!

## چلنے کا نہیں دوڑنے کا وقت ہے

امام ہمام ایدہ اللہ نے الفضل کی اشاعت ۱۵، ۲۰ ہزار تک بڑھا دینے کا ارشاد فرمایا ہے۔ تمام عہدیداران کو یہ ارشاد پورا کرنے کے لئے دن رات مستعد ہو جانا چاہیئے۔ اب چلنے کا نہیں دوڑنے کا وقت ہے۔ تمام عہدیداران جماعت الفضل سے تعاون کریں۔ آپ کے تعاون سے ہی یہ مرحلہ سر ہو سکتا ہے۔ خدا تعالیٰ آپکو توفیق دے کہ اپنی اس ذمہ داری کو پورا کر سکیں

(مینیجر الفضل)

## ہر صاحب استطاعت احمدی کا فرض ہے کہ اخبار الفضل خود خرید کر پڑھے


## اعلان افتتاح

ہم بڑی مسرت کے ساتھ اعلان کرتے ہیں کہ ہم نے خدا تعالیٰ کے فضل اور رحم کے ساتھ PICK AND PAY SHOPING CENTER. پک اینڈ پے شاپنگ سنٹر کا افتتاح مورخہ ۲۲/۴ بروز اتوار کر دیا ہے۔ جس میں درج ذیل اشیاء دستیاب ہو سکیں گی۔

• لیڈیز پرس و بیگ • دوپٹے • آرٹیفیشل جیولری • بچوں و بچیوں و مستورات کے سرگارمنٹس • مختلف ڈیزائنوں میں گوٹہ کناری • بچوں اور بچیوں کے لئے کھلونے • ڈیکوریشن پیسز • شو پیسز کے علاوہ اور بہت سی نئی اشیاء شامل ہیں۔

تشریف لا کر ملاحظہ فرمائیں اور ہمیں اپنی خدمت کا موقعہ دیں۔ شکریہ!

محمود احمد کھوکھر PICK AND PAY SHOPING CENTER

۲/۳ راجہ مارکیٹ کالج روڈ بالمقابل جامعہ گیٹ۔ ربوہ


# حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کا ریویو آف ریلیجنز کے متعلق تاکیدی ارشاد

"میں پورے زور کے ساتھ اپنی جماعت کے مخلص جوان مردوں کو اس طرف توجہ دلاتا ہوں کہ وہ اس رسالہ کی اعانت اور مالی امداد میں جہاں تک ان سے ممکن ہے اپنی ہمت دکھلاویں ..... اور اس وقت کوئی خدمت کرو گے تو اپنی ایمانداری پر مہر لگا دو گے اور تمہاری عمریں زیادہ ہوں گی اور تمہارے مالوں میں برکت دی جائے گی۔"

سالانہ چندہ پچاس روپے خصوصی معاونین سے پانچ صد روپے سالانہ براہ راست لکھئے

(مینیجر رسالہ ریویو آف ریلیجنز۔ ربوہ ضلع جھنگ)

# فیصلہ مجلس مشاورت ۱۹۶۱ء

جامعہ احمدیہ میں طلبا کی تعداد بڑھانے کے لئے مجلس مشاورت ۱۹۶۱ء کا فیصلہ ہے کہ "ہر ضلع کی جماعت ۲۵۰ چندہ دہندگان پر کم از کم ایک میٹرک پاس طالب علم جامعہ احمدیہ میں برائے تعلیم بھجوائے۔"

امراء کرام و صدر صاحبان سے درخواست ہے کہ ازراہ کرم ابھی سے اس فیصلہ کی تعمیل کی طرف توجہ فرمائیں اور زیادہ سے زیادہ طلباء کو جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے بھجوانے کی کوشش فرمائیں۔ اللہ تعالیٰ آپ کی کوششوں میں برکت ڈالے۔ آمین۔

(وکیل الدیوان تحریک جدید۔ ربوہ)

# مجالس انصار اللہ فوری توجہ کریں

۱۔ نائب ناظمین تحریک جدید / منتظمین تحریک جدید / نائب زعماء تحریک جدید کا تقرر کر کے منظوری حاصل کریں۔

۲۔ مقامی سیکرٹری تحریک جدید سے دفتر دوم کے ریکارڈ کی ایک نقل حاصل کریں۔

۳۔ دفتر دوم کے وعدہ جات کو معیاری بنانے کی مسلسل کوشش کریں۔

۴۔ دفتر دوم کے وفات یافتہ مجاہدین کے کھاتہ جات ان کے ورثاء کے ذریعہ دوبارہ زندہ کروائیں۔

۵۔ جائزہ لیں کہ کیا تمام انصار اپنی حیثیت کے مطابق تحریک جدید میں شامل ہیں۔

(قائد تحریک جدید انصار اللہ مرکزیہ)


## اکسیر اچھارہ

شتھل اور برسیم سے ہونے والا جانوروں کا اچھارہ منٹوں میں غائب۔

قیمت فی پیکٹ : -/۳ روپے

درجن -/۲۷ گرس ۳۰۲/۴ روپے

علاوہ بونس

تفصیلات کے لئے : کیور ٹیو ویٹرنری گائیڈ -/۲ روپے کے ڈاک ٹکٹ بھجوا کر حاصل کریں۔

کیور ٹیو میڈیسن (ڈاکٹر اجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ ربوہ فون 606/607